SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**April 24st, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی کا ورکرز ویلفیئر فنڈ میں سرمایہ کاری آگہی سیمینار

اسلام آباد(24اپریل) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے انویسٹر ایجوکیشن پروگرام جمع پونجی کے تحت ورکرز ویلفیئر فنڈ کے ملازمین کے لئے سرمایہ کاری کے بنیادی اصولوں کے حوالے سے آگہی فراہم کرنے کے لئے سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار میں شرکا کو مالیات اور سرمایہ کاری سے متعلق فیصلہ سازی کے بارے میں سود مند معلومات مہیا کی گئیں۔
سیمینار میں شرکا کو سرمایہ کاری کے لئے موجود مواقع مثلاً میوچل فنڈز، رضاکارانہ پنشن سکیم کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ایس ای سی پی کے افسروں نے شرکا کو سرمایہ کاروں کے حقوق، میوچل فنڈز اور پنشن سکیموں میں سرمایہ کاری کے فوائد، ان سکیموں کے فنڈ مینجرز اور ٹرسٹی کے فرائض اور ذمہ داریوں کے بارے میں بتایا۔ اس دوران میوچل فنڈز اور پنشن فنڈز میں سرمایہ کاری کی مدت کے دوران سرمائے کو نکالنے کی شرائط، سرمائے کو ایک فنڈ سے دوسرے میں منتقل کرنے اور سرمایہ کاری سے جڑے خطرات پر بھی بات کی گئی۔ اس کے علاوہ فنڈز میں سرمایہ کاری کی فیس کے سٹکچر اور فنڈ مینجرز کی جانب سے وقفے وقفے سے جاری ہونے والی اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ کے ذریعے فنڈ کی نیٹ ایسٹ ویلیو کو جانچنے کے طریقہ کار اور فنڈ مینجرز کی جانب سے ایس ایم ایس سروس کے ذریعے فراہم کی جانے والی معلومات کی اہمیت سے بھی آگاہ کیا گیا۔

ایس ای سی پی کے حکام نے شرکا کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیئے اور انہیں میوچل فنڈ اور پنشن فنڈز کے ریگولیٹری فریم ورک اور قوائد و ضوابط پر بھی بریفنگ دی۔ ایس ای سی پی کی جانب سے مالیاتی شعبہ میں سرمایہ کاری کے لئے متعارف کروائی جانے والی پراڈکٹس اور سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے کئے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔

سیمینار کے شرکاء کو رضاکارانہ پنشن فنڈز اور حکومت کی جانب سے دیئے جانے والے روایتی پنشن فنڈز اور شریعت سے مطابقت رکھنے والے فنڈ اور دیگر روایتی فنڈز کے مابین فرق کے بارے میں بھی بتایا گیا۔ سیمینار کے اختتام پر شرکاء میں سرمایہ سے متعلق رہنما کتابچوں کا مکمل سیٹ تقسیم کیا گیا۔ شرکا نے میوچل فنڈز اور رضاکارانہ پنشن فنڈز میں دلچسپی کا اظہار کیا اور اس حوالے سے کئی تجاویز بھی دیں۔ شرکا نے سرمایہ کاروں میں آگہی پیدا کرنے کے لئے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا۔